گلدستہ اخبار

—— خلیفہ قادیان کھانسی، اسہال وغیرہ کی وجہ سے بیمار رہے اور تبدیل آب وہوا کے لئے بھیر وچی میں بھی جاتے رہے۔

—— مولوی عبدالرحیم درد وحکیم فضل الرحمٰن تبلیغ مرزائیت کے لئے انگلستان وافریقہ گئے ہیں۔

—— ڈاکٹر سر محمد اقبال انگلستان سے واپس آگئے ہیں۔

—— بلدیہ ناگ پور نے رات کو گیارہ بجے کے بعد آلات موسیقی کا اونچی آواز سے بجانا بند کر دیا ہے۔

—— ریاست الور میں انگریز وزیر اعظم مقرر کر دیا گیا ہے۔

—— ترچناپلی میں ایک شخص نے دو آنے کی خاطر اپنے بھائی کو قتل کر دیا۔ ملزم کو عمر قید کی سزا ہوئی۔

—— ایلور ڈکیتی کے مقدمہ پر چھ لاکھ روپیہ خرچ ہوا مگر جیوری نے تمام ملزموں کو بے گناہ قرار دیا۔

—— لارڈ لوتھین کے ایک دوست نے مسلم یونیورسٹی کو ایک چغہ عطا کیا ہے جس پر سارا قرآن شریف لکھا ہوا ہے۔

—— دسمبر گزشتہ کے اخیر ہندوستان کی مختلف جیلوں میں سول نافرمانی کے ۱۴۸۱۵ قیدی قید تھے۔

—— چیف کمشنر دہلی نے دہلی میونسپلٹی کے لئے عورتوں کو ووٹ دینے کے حق کی اجازت دے دی ہے۔

—— مسٹر سوباش چندر بوس بغرض علاج یورپ چلے گئے ہیں۔

—— امرتسر ۲۴ اور ۲۵ فروری کو کافی بارش ہوگئی۔